# APNA HAI TOTAL

*8TH EDITION 2020*




**Introducing our new CEO: MEHMET CELEPOGLU**



# MANAGEMENT'S CORNER

### *Assalamo Allaikum Dear Colleagues & Partners!*

It is my privilege to join you as the new CEO of Total PARCO (TPPL).

I don't know most of you personally yet as my arrival coincided with COVID-19, which has been drastically affecting our lives and businesses.

Collapse of international oil prices and COVID-19 hit our industry locally and globally and created an unprecedented crisis. We have launched an extensive business continuity plan to maintain the operations at our facilities and minimize risk of supply disruptions while we keep in mind the safety, health and security of our valued staff and our business partners.

Safety is our core value and it is our duty to adhere to all the safety rules and practices while we cope with the challenges of health risk. We shall be more vigilant and persist each other in fighting this pandemic and ensuring business sustainability.

TPPL has evolved significantly in recent years to which the TPPL family members and business partners made big contributions thanks to their performance minded approach and their feeling of belonging to the big TPPL family.

My thoughts and prayers are with all those who have been directly or indirectly affected by the pandemic. I am however confident, together, we shall overcome this temporary challenge and bring our company to the level it deserves.

Looking forward to meeting you with impatience.

Stay Safe
Shukriyah!

### اسلام علیکم عزیز ساتھیو اور پارٹنرز!

آپ کے نئے چیف ایگزیکٹیو آفیسر کے طور پر ٹوٹل پارکو (ٹی پی پی ایل) کا حصہ بننا میرے لئے ایک اعزاز ہے۔ ابھی تک میں آپ میں سے بہت سے لوگوں کو ذاتی طور پر نہیں جانتا کیونکہ میں ان حالات میں آپ کی ٹیم کا حصہ بنا ہوں جب COVID-19 کی وجہ سے ہماری زندگیاں اور کاروبار شدید متاثر ہو رہے ہیں۔

عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں کمی اور COVID-19 کی وجہ سے ہماری انڈسٹری مقامی اور عالمی طور پر شدید متاثر ہوئی ہے اور اسے مشکل حالات کا سامنا ہے۔ ہم نے اپنے مقامات پر آپریشنز جاری رکھنے اور سپلائی میں رکاوٹ کے خدشات میں کمی کیلئے ایک بزنس کنٹینیوٹی پلان لانچ کیا ہے اور ساتھ ہی اپنے قابل قدر عملے اور بزنس پارٹنرز کے تحفظ اور صحت کیلئے بھی فکرمند ہیں۔

تحفظ ہماری بنیادی قدر ہے اور ہمارا یہ فرض ہے کہ اپنی صحت کو درپیش چیلنجز کا مقابلہ کرتے ہوئے تمام حفاظتی تدابیر پر عمل پیرا ہوں۔ ہم اس وبا سے لڑنے اور کاروباری استحکام کو یقینی بنانے کیلئے مزید محتاط اور ایک دوسرے کے شانہ بشانہ رہیں گے۔

حالیہ سالوں کے دوران ٹی پی پی ایل میں بہت سی مثبت تبدیلیاں آئی ہیں جس کیلئے ٹی پی پی ایل کی ٹیم اور بزنس پارٹنرز نے انتہائی اہم کردار ادا کیا۔ بہترین کارکردگی اور خود کو ٹی پی پی ایل کا حصہ سمجھنے پر ان کا شکریہ۔

میری نیک تمنائیں اور دعائیں ان سب کے ساتھ ہیں جو بالواسطہ یا بلاواسطہ اس وبا سے متاثر ہوئے ہیں تاہم مجھے یقین ہے کہ ہم مل کر اس وقتی پریشانی کا مقابلہ کر لیں گے اور اپنی کمپنی کو اس کے اصل مقام تک لے آئیں گے۔

امید کرتے ہیں کہ آپ سے جلد ملاقات ہو۔

آپ سب سلامت رہیں۔ شکریہ!

**NOTE:**

"From now on we are introducing new features in our newsletter in both English and Urdu languages, giving more opportunities to our partners as the newsletter belongs to all of us. In the upcoming editions we are also planning to give space to our service station dealers and lubricants distributors and their employees and share their journey and hard work with the entire TPPL family."

**نوٹ:**

"اب سے ہم اپنے نیوز لیٹر میں انگریزی اور اردو زبان میں نئے فیچر متعارف کروا رہے ہیں جس سے ہمارے پارٹنرز کو مزید مواقع فراہم کئے جاسکیں گے کیونکہ یہ نیوز لیٹر ہم سب کا ہے۔ اگلے ایڈیشن میں ہم اپنے سروس اسٹیشن ڈیلرز اور لبریکنٹس ڈسٹری بیوٹرز اور ان کے ملازمین کی کاوشوں اور محنت کا سفر ٹی پی پی ایل کی فیملی تک پہنچانے کا ارادہ رکھتے ہیں۔"

# TOTAL PARCO CAMPUS TRAININGS

### *Hazard Analysis Critical Control Points (HACCP) and Network Development Trainings:*

In order to further strengthen the retail business, enhance the retail network of Pakistan and reinforce TOTAL Group's guidelines and standards, the Talent Acquisition and Development (TA&D) team, in collaboration with TOTAL CAMPUS, organized two sets of customized trainings, on retail management and retail outlet network development for the Retail team. As the face of the brand, retail has its importance emphasized on all levels at TPPL and within the TOTAL Group as well. Thus, keeping in mind the company vision, the trainings were 5-day and 4-and-a-half- day long, respectively. The first customized training was organized for senior members of the Retail team and cross-functional sales managers at TPPL where trainers from TOTAL CAMPUS visited our affiliate to educate the team on the Group's guidelines and standards that are to be safeguarded to maximize customer satisfaction at our retail stations.

### ہیزرڈ انیلیسس کریٹیکل کنٹرول پوائنٹس (ایچ اے سی سی پی) اور نیٹورک ڈویلپمنٹ ٹریننگ:

ریٹیل بزنس میں مزید بہتری، پاکستان کے ریٹیل نیٹورک میں اضافے اور ٹوٹل گروپ کی ہدایات اور معیار کو قائم رکھنے کیلئے ٹیلنٹ ایکوزیشن اینڈ ڈویلپمنٹ (ٹی اے اینڈ ڈی) ٹیم نے ٹوٹل کیمپس کی معاونت سے **ریٹیل مینجمنٹ** اور **ریٹیل آؤٹ لیٹ نیٹورک ڈویلپمنٹ** کے حوالے سے دو کسٹمائزڈ ٹریننگ سیشنز کا انعقاد کیا۔ برانڈ کی شناخت کی حیثیت سے ریٹیل کو ٹی پی پی ایل اور ٹوٹل گروپ میں تمام درجات پر اہمیت حاصل ہے۔ لہٰذا، کمپنی کے وژن کو مدِ نظر رکھتے ہوئے پانچ روزہ اور ساڑھے 4 روزہ ٹریننگ سیشنز کا انعقاد کیا گیا۔ پہلی پانچ روزہ کسٹمائزڈ ٹریننگ کا انعقاد ٹی پی پی ایل میں ریٹیل ٹیم کے سینیئر ممبران اور کراس فنکشنل سیلز مینیجرز کیلئے کیا گیا جس کے دوران ٹوٹل کیمپس سے آنے والے ٹرینرز نے ہماری کمپنی کا دورہ کیا اور ٹیم کو ہمارے ریٹیل اسٹیشنز پر صارفین کا اعتماد بڑھانے کے لئے گروپ کی ہدایات اور معیار پر عمل درآمد کے حوالے سے آگاہی دی۔





Seasoned professionals from the Group with hands-on experience in Retail Management were invited to conduct the training. The second training imparted theoretical and practical knowledge on network development which also included visits to locations. Such trainings assist in improving retail standards and the overall brand image.

ٹریننگ دینے کے لئے گروپ سے ریٹیل مینجمنٹ کے حوالے سے پیشہ ورآنہ تجربہ کے حامل ماہرین کو مدعو کیا گیا۔ اس سلسلے کی دوسری ٹریننگ کے انعقاد کا مقصد شرکاء کو تحریری اور عملی دونوں طرح کی معلومات فراہم کرنا تھا جس کے دوران نیٹورک ڈویلپمنٹ کی اہمیت پر زور دینے کے لئے سائٹس کا دورہ کیا گیا۔ ایسے تربیتی پروگرام ریٹیل کے معیار اور برانڈ کی مجموعی شناخت میں بہتری کا سبب بنتے ہیں۔

# THE LEGAL SOUNDBITES QUIZ

In February this year, the corporate team launched a quiz on the intranet, on various topics shared under the heading of 'Legal Soundbites', which had been developed by the Legal Department from time to time. The quiz covered the following topics and tested the knowledge of the TPPL team:

1. **What is arbitration?**
2. **Consumer's Rights Protection in Pakistan.**
3. **What is a contract?**

It was exciting to see the overwhelming response from employees and also quite surprising to note that although the contestants, including the winners, did not have any legal background, they were able to display an in-depth understanding of the various topics covered in the quiz. The winners were thrilled to receive Ajrak scarves as prizes. The scarves reflect TPPL's support towards local artisans in line with the Group's societal lever, 'Cultural Dialogue and Heritage'.

It is our pleasure to announce, the **winners** for the quiz; a tie between two of our colleagues from Karachi.

## لیگل ساؤنڈ بائٹس کوئز:

رواں سال فروری میں کارپوریٹ ٹیم نے انٹرانیٹ پر لیگل ساؤنڈ بائٹس کے عنوان سے مختلف موضوعات پر مبنی ایک کوئز لانچ کیا جسے لیگل ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے وقتاً فوقتاً تیار کیا جاتا رہا تھا۔

کوئز میں درج ذیل موضوعات پر ٹی پی پی ایل ٹیم کی آگاہی کو جانچا گیا۔

1۔ آربیٹریشن کیا ہے؟

2۔ پاکستان میں صارفین کے حقوق کا تحفظ۔

3۔ کنٹریکٹ کیا ہے؟

ملازمین کی جانب سے زبردست ردِعمل ہمارے لئے بے حد خوشی کا باعث تھا اور حیران کن بھی کیونکہ کوئی قانونی پس منظر نہ ہونے کے باوجود جیتنے والوں سمیت دیگر شرکاء کو اس موضوع پر تفصیلی معلومات حاصل تھی۔ فاتحین کی حوصلہ افزائی کے لئے انہیں اجرک کے اسکارف پیش کئے گئے۔ یہ اسکارف، گروپ کے معاشرتی لیور "کلچرل ڈائیلاگ اینڈ ہیریٹیج" کے مطابق ٹی پی پی ایل کی جانب سے مقامی کاریگروں کی مدد کی عکاسی کرتے ہیں۔

اس کوئز کے فاتحین کے ناموں کا اعلان ہمارے لئے باعثِ فخر ہے۔

کراچی سے ہمارے دو ساتھی ایک جیسی کارکردگی کے ساتھ فاتح قرار پائے ہیں۔



Mumtaz Ahmed | Manager Operational Excellence



Assad Ahmed Farooqi | Manager Credit Finance

**Congratulations to the winners!**

فاتحین کو مبارک باد!

# BUSINESS ETHICS DAY

Each year, TPPL celebrates Business Ethics Day in December to reinforce the understanding of key topics pertaining to human rights, business principles and compliance.

> ***"Last year, Business Ethics Day was also celebrated with great fervor, however, a bit differently. It was the first time an online webinar session along with a live chat was conducted in the history of TPPL."***

The event took place around the theme, 'Move Forward, Speak Up'. The webinar was a brilliantly interactive session attended by more than a 100 employees across Pakistan. Key speakers at the webinar included, Mr. Olivier Sabrie (Former CEO, TPPL), Ms. Naila Malick (VP Corporate and Ethics Officer) alongside Mr. Shamail Asad (Manager Legal), who shed light on real-life scenarios at the workplace to raise employee awareness and the importance of reporting any issue that violates TPPL's values and principles set out in the code of conduct.

The key goals of this event were to instill a thorough understanding among the employees about business ethics and ensuring that employees are aware of the point of contact for discussing and reporting any problems faced by them, so they remain at ease when voicing their concerns.

The success of the business ethics related awareness sessions is dependent on how enthusiastically the employees participate, understand and adapt the concepts discussed.

Another ethics webinar was held on the 22nd of April during the current COVID lockdown, with active participation of more than 230 employees. These continuous engagement and reinforcement sessions are aimed to create an ethically compliant workplace.

## کاروباری اخلاقیات کا دن!

ٹی پی پی ایل کی جانب سے انسانی حقوق کے حوالے سے اہم نکات اور کاروباری اصولوں کو سمجھنے اور ان پرعمل درآمد کیلئے ہر سال کاروباری اخلاقیات کا دن منایا جاتا ہے۔

> ***"گذشتہ سال بھی کاروباری اخلاقیات کا دن بے حد جذبے کے ساتھ مگر مختلف انداز میں منایا گیا۔ ٹی پی پی ایل کی تاریخ میں پہلی مرتبہ لائیو چیٹ کے ساتھ ایک آن لائن ویبینار سیشن کا انعقاد کیا گیا۔"***

اس ایونٹ کا تھیم "Move Forward, Speak Up" تھا۔ یہ ویبینار ایک شاندار انٹرایکٹیو سیشن تھا جس میں پاکستان بھر سے 100 سے زائد ملازمین نے شرکت کی۔ ویبینار کے نمایاں مقررین میں اولیویئر سیبریئے (سابقہ سی ای او، ٹی پی پی ایل)، مس نائلہ ملک (وی پی کارپوریٹ اینڈ ایتھکس آفیسر) کے ساتھ ساتھ شمائل اسد (منیجر لیگل) شامل تھے جنہوں نے ملازمین کی آگاہی کیلئے کام کی جگہ پر رپورٹ ہونے والے حقیقی واقعات اور ٹی پی پی ایل کی اقدار اور ضابطہ اخلاق میں وضع کردہ اصولوں کی خلاف ورزی کی صورت میں رپورٹنگ کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔

اس ایونٹ کے اہم مقاصد میں کاروباری اخلاقیات اور کسی بھی مسئلے کی صورت میں رابطے کے لئے مختص افراد کے حوالے سے آگاہی شامل تھی تاکہ ملازمین بلاخوف اپنی بات کہہ سکیں۔

کاروباری اخلاقیات سے متعلق آگاہی سیشنز کی کامیابی ان میں شمولیت، ان کے دوران بتائے گئے اہم نکات کو سمجھنے اور انہیں اپنانے کے حوالے سے ملازمین کے جذبے پر منحصر ہے۔

موجودہ COVID لاک ڈاؤن کے دوران 22 اپریل کو بھی ایک ایتھکس ویبینار کا انعقاد کیا گیا جس میں 230 سے زائد ملازمین نے شرکت کی۔ رابطے اور عمل درآمد کیلئے ایسے لگاتار سیشنز کا مقصد کام کی جگہ پر اخلاقیات کے حوالے سے اصولوں پر عمل درآمد یقینی بنانا ہے۔

# CELEBRATION OF 4 MILLION SAFE MAN-HOURS AT LUBE OIL BLENDING PLANT (LOBP)

LOBP achieved yet another milestone of safe operations by completing 4 Million Safe Man hours without any Lost Time Rate/Total Recordable Incident Rate (LTR/TRIR) during a journey of 10 years. This was truly a result of collective efforts, utmost dedication and commitment to TPPL's goal of zero tolerance on safety measures.

The celebration was arranged at LOBP where Mr. Philippe Montanteme (Senior VP Strategy Marketing Research TOTAL S.A) graced the occasion along with Mr. Olivier Sabrie (Former CEO, TPPL), Mr. Zaza Kandelaki (VP Lubricants TPPL), Mr. Nawed Tanwir Abbasi (VP Operations TPPL) and other senior management.

The HSE Coordinator briefed everyone present, about the 10-year long journey, leading towards this commendable milestone of achieving the 4 million safe man hours goal, along with the recent completion of the plant expansion project i.e. construction of new storage tanks, viscosity-index modifier kettle on which Mr. Philippe Montanteme highly appreciated the Operations & Projects team for their joint efforts to timely complete the above projects with Zero Lost Time Injuries (LTI).

The cake cutting ceremony was followed by presenting mementos to the senior staff as a token of appreciation for their long-term commitment to achieving this exceptional safety record.




## لیوب آئل بلینڈنگ پلانٹ (ایل او بی پی) پر 4 ملین سیف مین آورز کا جشن:

ایل او بی پی نے 10 سال کے سفر کے دوران کسی بھی لوسٹ ٹائم ریٹ/ٹوٹل ریکارڈ ایبل انسڈنٹ ریٹ (LTR/TRIR) کے بغیر 4 ملین سیف مین آورز کی تکمیل سے محفوظ آپریشنز کا ایک اور سنگِ میل عبور کیا۔ یہ بلاشبہ مجموعی کاوشوں، انتہائی لگن اور حفاظتی اقدامات پر کوئی سمجھوتہ نہ کرنے کے ٹی پی پی ایل کے مقصد کے عزم کا نتیجہ ہے۔

اس حوالے سے تقریب کا انعقاد ایل او بی پی میں کیا گیا جس میں فلپ مونتانتیم (سینیئر وی پی اسٹرٹیجی مارکیٹنگ ریسرچ ٹوٹل ایس اے) نے اولیویئر سیبرییۓ (سابقہ سی ای او، ٹی پی پی ایل)، ذاذا کینڈیلکی (وی پی لبریکنٹس ٹی پی پی ایل)، نوید تنویر عباسی (وی پی آپریشنز) اور دیگر سینیئر مینجمنٹ کے ہمراہ شرکت کی۔

ایچ ایس ای کوآرڈینیٹر نے 4 ملین سیف مین آورز کے حدف کے حصول کے لئے 10 سال کے عرصہ پر محیط سفر اور پلانٹ کے توسیعی منصوبے جس میں نئے اسٹوریج ٹینکس کی تعمیر، وسکوسٹی-انڈیکس موڈیفائیر کیٹل شامل ہیں کی حالیہ تکمیل کے حوالے سے تفصیلات سے آگاہ کیا جس پر فلپ مونتانتیم نے بغیر کسی لوسٹ ٹائم انجریز (ایل ٹی آئی) کے اس منصوبے کی تکمیل پر آپریشنز اینڈ پراجیکٹس ٹیم کو ان کی مشترکہ کاوشوں پر بے حد سراہا۔

کیک کاٹنے کی تقریب کے بعد تحفظ کے حوالے سے یہ ریکارڈ قائم کرنے کیلیۓ طویل مدتی عزم پر سینیئر اسٹاف کی حوصلہ افزائی کیلیۓ ان میں مومینٹوز تقسیم کیۓ گیۓ۔








# PARTNERING WITH CROWN FIT

Total PARCO, signed a three-year agreement with the Crown Group effective 2020 for delivering motorcycle Engine Oils 20W 50 API SG, which will be manufactured at the TPPL blending plant under the name, Crown Fit.

## کراؤن فٹ کے ساتھ اشتراک:

ٹوٹل پارکو نے کراؤن گروپ کے ساتھ موٹرسائیکل انجن آئلز 20W 50 API SG کی فراہمی کے 2020 سے شروع ہونے والے تین سالہ معاہدے پر دستخط کیا جو ٹی پی پی ایل کے بلینڈنگ پلانٹ میں کراؤن فٹ کے نام سے تیار کئے جائیں گے۔







"Crown Lafan" is one of the leading brand names in the 'motorcycle parts' manufacturing industry, after-sale market. The Crown Group of Companies is a conglomerate with each unit distinguished for its dynamic performance and stability, with operations spanning across Pakistan. The Group represents different sides of innovative and technological engineering supply solutions to the motorcycle and automotive industry, ranging from manufacturing two/three wheelers including auto parts and tire manufacturing, to manufacturing auto parts for their Chinese joint venture company. They have also established a joint venture for assembling electric vehicles in Pakistan. The Crown Group will also be greatly benefiting from Total PARCO's state-of-the-art blending services.

" کراؤن لافان "موٹرسائیکل پارٹس مینوفیکچرنگ انڈسٹری کی بعداز سیل مارکیٹ کے بڑے برانڈز میں سے ایک ہے۔ کراؤن گروپ آف کمپنیز مختلف کمپنیز کا مجموعہ ہے جو اپنی متحرک کارکردگی اور استحکام کی وجہ سے منفرد ہیں اور ان کا آپریشن پاکستان بھر میں پھیلا ہوا ہے۔ یہ گروپ موٹرسائیکل اور آٹوموٹیو انڈسٹری کو جدید اور تکنیکی انجینیئرنگ کی سہولیات کی فراہمی کے مختلف پہلوؤں کی عکاسی کرتا ہے جس میں ٹو/تھری وہیلرز کی مینوفیکچرنگ بشمول آٹو پارٹس اور ٹائر کی تیاری سے لے کر اپنی چائینیز جوائنٹ وینچر کمپنی کیلئے آٹو پارٹس کی مینوفیکچرنگ تک شامل ہے۔ انہوں نے پاکستان میں الیکٹرک گاڑیوں کی اسمبلنگ کیلئے بھی ایک جوائنٹ وینچر کیا ہے۔ کراؤن گروپ ٹوٹل پارکو کی جدید بلینڈنگ کی سہولیات سے بھی مستفید ہوگا۔

# TOTAL PARCO'S FIGHT AGAINST COVID-19

***Total PARCO has taken several preventive measures during this challenging period on coping with the coronavirus, for the wellbeing of its staff and partners***

Surgical masks and gloves (for selected sites) have been distributed at all retail stations and depots to guarantee the safety of TPPL employees and dealers. Strict social distancing practices have also been put in place in line with WHO regulations. TPPL has sent an extensive 'best practices' document to all retail stations as well as terminals, guiding different individuals on how to practice safety based on their respective jobs, both in English as well as Urdu. Moreover, a letter for TPPL's external stakeholders, on business continuity during the time of the COVID crisis has been rolled out, ensuring our partners of our support during these tough times. Any object that comes in contact with our customers, employees or site staff including nozzle jackets, dispenser keypads, TOTAL Card EPT machines and lubricants/solar lamps displays, are promptly disinfected. Our company operated retail sites are going one step further and getting station objects disinfected through a spray mechanism in an effort to build on customer trust. TPPL employees, visiting customers, service stations, contractors or having interactions with outside parties during working hours have been provided with medical face shields, surgical face masks and disposable plastic gloves as part of the business continuity plan backed by strict measures for safety.

## COVID-19 کے خلاف ٹوٹل پارکو کی جنگ

**ٹوٹل پارکو کی جانب سے ان مشکل حالات کے دوران کورونا وائرس سے لڑنے کیلئے اپنے اسٹاف اور پارٹنرز کا تحفظ یقینی بنانے کے حوالے سے کئی حفاظتی اقدامات کئے گئے ہیں۔**

ٹوٹل پارکو پاکستان لمیٹڈ کے ملازمین اور ڈیلرز کے تحفظ کے لئے (منتخب کردہ) ریٹیل اسٹیشنز اور ڈپوز میں سرجیکل ماسک اور دستانے فراہم کئے گئے ہیں۔ عالمی ادارہ صحت (WHO) کے ضابطوں کے مطابق سماجی رابطے میں فاصلے کو بھی سختی سے یقینی بنایا جا رہا ہے۔ ٹی پی پی ایل نے مختلف افراد کی اپنے متعلقہ کام کے دوران حفاظت یقینی بنانے کے حوالے سے رہنمائی کے لئے تمام ریٹیل اسٹیشنز اور ٹرمینلز کو 'بہترین طرزِ عمل' کا تفصیلی دستاویز بھی اردو اور انگریزی میں ارسال کیا ہے۔ مزید برآں ٹی پی پی ایل کے بیرونی اسٹیک ہولڈرز کو COVID-19 کی وجہ سے درپیش حالات میں کاروبار جاری رکھنے کے حوالے سے خط بھی ارسال کیا گیا ہے تاکہ ہمارے پارٹنرز کو اس بات کا یقین دلایا جا سکے کہ اس مشکل وقت میں ہمارا مکمل تعاون ان کے ساتھ ہے۔ کوئی بھی چیز جسے ہمارے صارفین، ملازمین یا سائٹ اسٹاف ہاتھ لگاتا ہے بشمول نوزل جیکٹس، ڈسپنسر کی پیڈز، ٹوٹل کارڈ ای پی ٹی مشینز اور لبریکنٹس / سولر لیمپس ڈسپلے، انہیں فوراً جراثیم سے پاک کیا جاتا ہے۔ ہماری کمپنی کی جانب سے چلائے جانے والے ریٹیل اسٹیشنز اس حوالے سے ایک قدم آگے ہیں اور وہاں اسٹیشن کی اشیاء کو سپرے کے ذریعے جراثیم سے پاک کیا جاتا ہے تاکہ صارفین کا اعتماد بحال رکھا جا سکے۔ ٹی پی پی ایل کے ملازمین جو سروس اسٹیشن میں موجود ہوتے ہیں یا صارفین / کنٹریکٹرز / یا بیرونی پارٹیز سے ملاقات کرتے ہیں انہیں سخت حفاظتی تدابیر کیلئے بزنس کنٹینیوٹی پلان کے تحت میڈیکل فیس شیلڈز، سرجیکل فیس ماسکس اور ڈسپوزایبل پلاسٹک دستانے فراہم کئے گئے ہیں۔






Hand sanitizers have been placed at all entry and exit points of the offices to ensure constant disinfecting. Portable hand sanitizers have also been distributed among employees. Furthermore, no individual is allowed to enter the premises without getting their temperature measured. The access control machines, where applicable, have been switched to facial recognition.

جراثیم کے مسلسل خاتمے کے لئے دفاتر کے تمام داخلی اور خارجی راستوں پر ہینڈ سینیٹائزر رکھے گئے ہیں۔ ملازمین کو پورٹ ایبل ہینڈ سینیٹائزر بھی فراہم کئے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ، کسی بھی شخص کو جسم کے درجہ حرارت کی جانچ کے بغیر دفتر میں داخل نہیں ہونے دیا جاتا۔ جہاں بھی ایکسیس کنٹرول مشینز موجود ہیں ان کو فیشل ریکگنیشن میں تبدیل کر دیا گیا ہے۔








During this COVID-19 crisis, efforts by the TPPL support staff have taken an innovative turn while working from home; making efforts to sell TOTAL products to their friends and relatives through a contest, simultaneously upholding the notion of, 'selling as a best practice'.

In view of the COVID-19 pandemic, Total PARCO has extended support to medical healthcare centers in Pakistan by providing free fuel. The first step in this initiative took place at Shaukat Khanum Memorial Hospital Lahore. TPPL has also handed over TOTAL Cards for free fuel for a month to PIMS Hospital in Islamabad and Agha Khan University Hospital in Karachi, to facilitate paramedical staff in their commute to the hospital and back with ease during the COVID-19 crisis.

COVID-19 کے دوران گھر سے کام کرنے والے ٹی پی پی ایل کے معاون عملے کی جانب سے جدید طرزِ عمل دیکھنے میں آیا جنہوں نے ٹوٹل کی مصنوعات ایک مقابلہ کے ذریعے اپنے دوستوں اور رشتہ داروں کو فروخت کی اور اس بات کا ثبوت دیا کہ 'فروخت بہترین حکمت عملی ہے'۔

COVID-19 کے تناظر میں ٹوٹل پارکو فیول کی مفت فراہمی کے ذریعے پاکستان میں صحت کی خدمات فراہم کرنے والے اداروں کو مدد فراہم کر رہا ہے۔ شوکت خانم میموریل ہسپتال لاہور سے اس اقدام کا آغاز کیا گیا ہے۔ ٹی پی پی ایل کی جانب سے COVID-19 کی وجہ سے درپیش حالات میں پیرامیڈیکل اسٹاف کو با آسانی ہسپتال آنے جانے کے لئے پمز ہسپتال اسلام آباد اور آغا خان یونیورسٹی ہسپتال کراچی کو بھی ایک ماہ مفت فیول کی فراہمی کیلئے ٹوٹل کارڈ فراہم کئے گئے ہیں۔








Total PARCO initially launched an Intranet poll on the 27th of February 2020 for TPPL employees seeking their confirmation regarding whether or not they or any member of their family had travelled to Iran or any COVID-infested country. A slider on the basics of combating the coronavirus has since been placed on the Intranet. TPPL has designed a customized 'best practices' poster and has sent it to employees working from home. Moreover, a video on tips for working from home has been posted on the official Total PARCO Facebook page. TPPL's employees email signatures have also been updated, showing an image of the precautionary measures needed to curb the pandemic.

Furthermore, on 9th of April 2020, TPPL arranged a live chat, of the ExCom with the TPPL staff to discuss the current local environment while giving a global perspective on handling the COVID-19.

In this time of upheaval, let's be kind to each other and offer one another support!

آغاز ہی میں ٹوٹل پارکو کی جانب سے 27 فروری 2020 کو انٹرانیٹ پر ایک سوالنامہ جاری کیا گیا جس کے ذریعے تصدیق کی گئی کہ آیا ٹی پی پی ایل کے ملازمین یا ان کے اہلِ خانہ میں سے کسی نے ایران یا COVID سے متاثرہ کسی ملک کا سفر کیا ہے یا نہیں۔ انٹرانیٹ پر کورونا وائرس کے خلاف جنگ کے حوالے سے معلومات کا ایک سلائیڈر بھی جاری کیا گیا ہے۔ ٹی پی پی ایل نے اس موقع کے حوالے سے 'بہترین طرزِ عمل' کا ایک پوسٹر بھی تیار کر کے گھر سے کام کرنے والے ملازمین کو ارسال کیا ہے۔ مزید یہ کہ ٹوٹل پارکو کے آفیشل فیس بک پیج پر گھر سے کام کرنے کے لئے مفید مشوروں پر مبنی ایک وڈیو بھی پوسٹ کی گئی ہے۔ ٹی پی پی ایل کے ملازمین کے ای میل سگنیچر میں اس وبا سے بچاؤ کیلئے ضروری احتیاطی تدابیر کے حوالے سے تصویر بھی شامل کر دی گئی ہے۔

مزید برآں، 9 اپریل 2020 کو ٹی پی پی ایل کی جانب سے COVID-19 سے نمٹنے کیلئے ٹی پی پی ایل کے اسٹاف کے ساتھ مقامی حالیہ حالات پر عالمی تناظر کے حوالے سے روشنی ڈالتے ہوئے بات چیت کرنے کیلئے ایکس کام کی لائیو چیٹ کا بھی انتظام کیا گیا۔

آئیں! مشکل کی اس گھڑی میں ایک دوسرے کے ساتھ اچھا برتاؤ کریں اور ایک دوسرے کے شانہ بشانہ کھڑے ہوں۔

# CAFÉ BONJOUR PREMIUM (BAHOO FILLING STATION LAHORE)

Café Bonjour is a premium service offered by Total PARCO, offering quality beverages and food-to-go within a shop. Keeping in mind the ever-growing demand of our customers, Total PARCO has taken this one-stop solution to a whole new level, and has introduced new food and beverage offers for its customers at its retail stations. The new Café Bonjour is a state-of-the-art café, offering a variety of premium hot beverages along with ready-to-be-served snacks and savories at reasonable prices to eat in, or take away, surrounded by great ambience and the aroma of freshly brewed coffee.

A few of the new initiatives include, 'Grab n Go' and 'Make your own Sandwich' where the former is primarily there for customers who are on-the-go while the latter serves those who want to invest more into customizing their meal.

TPPL values the health and safety of its customers and has deemed hygiene and quality its utmost priority when serving its customers at the revamped Bonjour Café. This has been facilitated by collaborating with 'Coffee Planet,' a customer favorite, and food hygiene certified coffee brand.

## کیفے بونجور پریمیئم (باہو فِلنگ اسٹیشن لاہور):

کیفے بونجور، ٹوٹل پارکو کی جانب سے پیش کی جانے والی ایک پریمیئم سروس ہے جہاں ایک ہی دکان میں معیاری مشروبات اور "food-to-go" فراہم کیا جاتا ہے۔ ہمارے صارفین کی ہر پل بڑھتی ضروریات کے مدِنظر ٹوٹل پارکو کی جانب سے اس آسان سہولت کو ایک بالکل نئی طرز پر آگے لے جاتے ہوئے اپنے ریٹیل اسٹیشنز پر صارفین کیلئے کھانے پینے کی نئی اشیاء متعارف کروائی گئی ہیں۔ نیا کیفے بونجور ایک جدید کیفے ہے جہاں بہترین ماحول اور تازہ تیار ہوتی کافی کی خوشبو کے بیچ مختلف بہترین گرم مشروبات اور تیار اسنیکس اور سیوریز صارفین کیلئے وہاں کھانے یا ساتھ لیجانے کے لئے مناسب قیمت پر دستیاب ہیں۔

ان اقدامات میں "Grab n go" اور "Make your own sandwich" اور دیگر شامل ہیں۔ ان میں سے پہلا اقدام خصوصاً ان صارفین کیلئے ہے جو جلدی میں ہوتے ہیں جبکہ دوسرا اقدام ان کیلئے جو اپنے کھانے پر وقت صرف کرنے کے خواہشمند ہوتے ہیں۔

ٹی پی پی ایل اپنے صارفین کی صحت اور تحفظ کا خیال رکھتا ہے اور اسی لئے پہلے سے بہتر بونجور کیفے میں صارفین کو خدمات کی فراہمی کے دوران حفظانِ صحت اور معیار کو اولین ترجیح دی گئی ہے۔ یہ سہولت "Coffee Planet" کے تعاون سے فراہم کی جارہی ہے جو کہ صارفین کا پسندیدہ اور حفظانِ صحت کے حوالے سے تصدیق شدہ کافی برانڈ ہے۔





# QUALITY CAMPAIGN FOR CONSUMER CUSTOMERS

Total PARCO's HSEQ department, alongside the consumer sales function, launched a "Quality Campaign" in 2019 for both existing and potential key customers. The initiative involves a multi-faceted approach including, but not limited to, sample drawing procedures, on-site fuel testing and safe decantation procedures training at customers' premises. The campaign also consists of a surprise visit for quality check of a TPPL engaged tank lorry by the quality control van, quality testing of product, product knowledge and sampling training of the staff involved, as well as gaining feedback from the customers.

> *"The purpose behind the campaign is to utilize TPPL's quality tools and equipment with HSEQ's expertise to give Total PARCO a competitive edge."*

The activity is a value addition to our products and services, and was highly appreciated by our customers; they acknowledged the Quality Van as being a tremendous and efficient service to resolve any customer quality issue in the shortest time possible.

During the first phase, 20 TPPL consumer sales customers were engaged in 2019. The HSEQ & consumer sales department (CSD) teams plan to further involve 20 more consumer sales customers in 2020. The 2020 plan has already begun, with two engagement sessions conducted in February with the first one on the 12th involving "Zafar Fabrics" in Faisalabad, and the second session on the 28th with "K&N's", in Lahore. Both sessions entailed training customer representatives on product knowledge, sampling protocols and safe decantation.

## کنزیومر صارفین کیلئے معیار کی مہم:

ٹوٹل پارکو کے ایچ ایس ای کیو ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے کنزیومر سیلز فنکشن کے ساتھ سال 2019 میں موجودہ اور ممکنہ اہم صارفین کیلئے "معیار کی مہم" کا آغاز کیا گیا۔ یہ اقدام مختلف پہلوؤں کا حامل ہے جس میں سیمپل ڈرائینگ پروسیجرز، سائٹ پر فیول کی ٹیسٹنگ اور صارفین کے مقامات پر تخفیف کے محفوظ عمل کے حوالے سے تربیت سمیت دیگر اقدامات شامل ہیں۔ مہم میں کوالٹی کنٹرول وین کے ذریعے ٹی پی پی ایل کیلئے مختص ٹینک لوری کے معیار کی جانچ کے لئے ایک اچانک دورہ، پراڈکٹ کی کوالٹی ٹیسٹنگ، متعلقہ عملہ کی پراڈکٹ کی معلومات اور سیمپلنگ کے حوالے سے ٹریننگ سمیت صارفین کی آراء کا حصول شامل ہوتا ہے۔

> *"اس مہم کا مقصد ٹوٹل پارکو کو نمایاں رکھنے کیلئے ٹی پی پی ایل کے معیار کے حوالے سے آلات کو ایچ ایس ای کیو کی مہارت کے ساتھ بروئے کار لانا ہے۔"*

یہ سرگرمی ہماری مصنوعات اور خدمات کے معیار میں ایک اضافے کی حیثیت رکھتی ہے جسے صارفین کی جانب سے بے حد سراہا گیا اور انہوں نے کوالٹی وین کو معیار کے حوالے سے صارفین کے مسائل کے فوری حل کیلئے ایک بہترین اور کارآمد سروس کے طور پر تسلیم کیا۔

پہلے مرحلے کے دوران سال 2019 میں 20 ٹی پی پی ایل کنزیومر سیلز صارفین کو شامل کیا گیا۔ ایچ ایس ای کیو اور کنزیومر سیلز ڈیپارٹمنٹ (سی ایس ڈی) کی ٹیمز سال 2020 میں مزید 20 کنزیومر سیلز صارفین کو شامل کرنے کا ارادہ رکھتی ہیں۔ فروری میں دو سیشنز کے ساتھ مذکورہ منصوبے کا سال 2020 کیلئے آغاز کیا جا چکا ہے جس کے پہلے سیشن میں 12 تاریخ کو فیصل آباد میں "ظفر فیبرکس" کو جبکہ دوسرے سیشن میں 28 تاریخ کو لاہور میں "K&N's" کو شامل کیا گیا۔ دونوں سیشنز کے دوران صارفین کے نمائندوں کو پراڈکٹ کی معلومات، سیمپلنگ کے اصولوں اور محفوظ تخفیف کے حوالے سے تربیت دی گئی۔



# MEET OUR PARTNERS

### A TOTAL PARCO Asset: Makki Traders Lahore (Automotive Oil Business Partner)

TPPL believes that the best way to grow is to make our business partners grow with us and 'Makki Traders' is no exception. Makki Traders has been a valuable business partner for Total PARCO in the lubricants business (AO) for the past 10 years.

Year after year, Makki Traders has pushed the boundaries and achieved greatness, surpassing the previous year's performance.

## ہمارے پارٹنرز سے ملیئے !

**ٹوٹل پارکو کا اثاثہ: مکی ٹریڈرز لاہور ( آٹوموٹیو آئل بزنس پارٹنر )**

ٹی پی پی ایل کا ماننا ہے کہ آگے بڑھنے کا بہترین طریقہ اپنے پارٹنرز کے ساتھ آگے بڑھنا ہے اور مکی ٹریڈرز بھی اسی کا حصہ ہیں۔ مکی ٹریڈرز گذشتہ 10 سال سے ٹوٹل لبریکنٹس بزنس ( اے او ) میں ایک اہم بزنس پارٹنر رہے ہیں۔

ہر آنے والے سال مکی ٹریڈرز کی جانب سے گذشتہ سال کے مقابلے بہتر کارکردگی اور نتائج دیکھنے میں آتے ہیں۔












Despite 2019 being a tough year for the country and the automotive sector, Makki Traders achieved its committed volumetric target to take the business forward. Makki Traders is also the recipient of the "Best Distributor" award at the global conference held in Paris. The organization has been winning this award consecutively for Pakistan for the last 5 years. Its focus on lubricant range-selling is also a testament to its commitment to the Total PARCO brand as it has been the top distributor, winning competitions for the TOTAL Quartz and HI-PERF ranges as well.

Makki Traders, in partnership with Total PARCO has grown to be one of the largest retail networks in the automotive sector in Pakistan, with six retail outlets in Lahore, including a standalone TOTAL QUARTZ Auto Care (TQAC) Center, to provide the best coverage and range of TPPL products to its customers. Makki Traders also operates as a Route To Market (RTM) channel for TPPL through a mega-distribution network consisting of a workforce of over 35 employees and six commercial vehicles, exclusively focusing on covering the market to maximize the availability, coverage and usage of Total PARCO's lubricants across Lahore.

اگرچہ سال 2019 ملک اور آٹوموٹیو سیکٹر کے حوالے سے کافی مشکل رہا، تاہم مکی ٹریڈرز نے کاروبار کو آگے بڑھانے کیلئے اپنے ہدف کو حاصل کیا۔ مکی ٹریڈرز کو پیرس میں ہونے والی عالمی کانفرنس میں "بہترین ڈسٹری بیوٹر" کے ایوارڈ سے بھی نوازا گیا۔ یہ پاکستان کیلئے یہ ایوارڈ لگاتار 5 سال سے جیت رہے ہیں۔ لبریکنٹ رینج کی فروخت پر ان کی توجہ، ٹوٹل پارکو کے ساتھ انکے تعلق کی عکاس ہے کیونکہ یہ "ٹوٹل کوارٹز" اور "ہائی پرف" کے مقابلے جیت کر بہترین ڈسٹری بیوٹر ثابت ہوئے ہیں۔

ٹوٹل پارکو کے ساتھ شراکت داری سے مکی ٹریڈرز لاہور میں 6 ریٹیل آؤٹ لیٹس کے ساتھ پاکستان میں آٹوموٹیو سیکٹر کے سب سے بڑے ریٹیل نیٹورکس کی فہرست میں شامل ہو چکے ہیں۔ ان میں ٹوٹل کوارٹز آٹو کیئر سینٹر ( ٹی کیو اے سی ) بھی شامل ہے جہاں ٹی پی پی ایل کی مصنوعات کی بہترین کوریج اور رینج صارفین تک پہنچائی جاتی ہے۔ مکی ٹریڈرز، ٹوٹل پارکو کیلئے روٹ ٹو مارکیٹ ( آر ٹی ایم ) چینل کے طور پر بھی کام کرتے ہیں۔ اس مقصد کے لئے ان کے وسیع ڈسٹری بیوشن نیٹورک میں شامل 35 سے زائد ملازمین اور 6 کمرشل گاڑیاں مارکیٹ میں اپنی موجودگی میں اضافے سے لاہور بھر میں ٹوٹل پارکو کے لبریکنٹس کی دستیابی، کوریج اور استعمال کو بڑھانے کیلئے خاص طور پر مصروفِ عمل رہتے ہیں۔

# AN INSIGHT INTO MR. MUHAMMAD LATIF DANISH'S PAKEEZA FILLING STATION (NANKANA SAHIB)

April 28th 2020

***1. How long have you been running this particular station and what measures had you taken, to maintain a certain standard at your retail station, prior to the corona outbreak?***




The station was commissioned in January 2006 as a Caltex retail outlet and since then, I have been directly running this station.

I strongly believe good standards serve as a foundation for a successful retail business. Even before the coronavirus outbreak, we had checklists on safety, housekeeping and cleanliness which were regularly filled by concerned staff members and counter-checked by myself.

***2. How has the virus impacted your business?***

We are now operating with only 30% of our routine volumes. Forecourt footfall has massively declined and so has the overall traffic on the road.

***3. What measures have you taken in terms of safety precautions in view of the coronavirus?***

Prior to a case being reported in Pakistan, I strongly advised my station staff to enhance and improve their safety and hygiene measures. Once the spread reached Pakistan, we are now extra cautious. We are giving alternate off days to each shift member. It is mandatory for station staff to wear personal protective equipment (face mask, gloves, etc.) and to wash their hands after every two hours. Equipment that is touched by our staff is sanitized every two hours including nozzle jackets, dispenser keypads, the TOTAL Card EPT machine and lubricants display. Moreover, we have chalked queues and marked vehicle parking spots with a 10 feet distance.

***4. How has Total PARCO assisted you during this time?***

From operations, to guidance on the corona pandemic and assistance on taking preventive measures, Total PARCO has been thoroughly supportive. I would like to specially thank our Area Sales Manager Talal Hassan, who has been in constant liaison with us during this difficult time. I am also grateful to TPPL for sending us face masks for our station staff.



## محمد لطیف دانش کے پاکیزہ فلنگ اسٹیشن (ننکانہ صاحب) پر ایک نظر:

**1۔ آپ یہ مخصوص اسٹیشن کتنے عرصے سے چلا رہے ہیں اور کورونا وبا کے پھیلنے سے پہلے تک آپ نے اپنے ریٹیل اسٹیشن پر ایک خاص معیار قائم رکھنے کیلئے کیا اقدامات کئے؟**

یہ اسٹیشن جنوری 2006 میں کالٹیکس ریٹیل آؤٹ لیٹ کے طور پر قائم ہوا اور اس وقت سے میں خود اس اسٹیشن کو چلا رہا ہوں۔

میرا ماننا ہے کہ بہترین معیار ایک کامیاب ریٹیل بزنس کی بنیاد ہے۔ کورونا وائرس کے پھیلنے سے قبل ہی ہمارے پاس تحفظ، ہاؤس کیپنگ اور صفائی کے حوالے سے چیک لسٹس موجود تھیں جنہیں متعلقہ اسٹاف ممبران کی جانب سے باقاعدگی سے پُر کیا جاتا تھا اور میں خود اسے دوبارہ چیک کرتا تھا۔

**2۔ وائرس سے آپ کا کاروبار کیسے متاثر ہوا ہے؟**

ابھی ہم اپنے معمول کے حجم کے مقابلے صرف 30% کام کر رہے ہیں۔ فورکورٹ میں صارفین کی آمد بے حد کم ہوئی ہے اور سڑکوں پر مجموعی ٹریفک کے حوالے سے بھی یہی دیکھنے میں آتا ہے۔

**3۔ کورونا وائرس سے بچاؤ کیلئے آپ کیا حفاظتی تدابیر اختیار کر چکے ہیں؟**

جب ابھی پاکستان میں کورونا کا کوئی کیس بھی سامنے نہیں آیا تھا میں نے اپنے اسٹیشن کے عملے کو ان کے تحفظ اور صفائی کے حوالے سے اقدامات میں اضافے اور بہتری کا مشورہ دیا۔ جب سے یہ وبا پاکستان پہنچی ہے ہم مزید محتاط ہو گئے ہیں۔ ہم ہر شفٹ ممبر کو ایک دن کے بعد ایک دن کی چھٹی دے رہے ہیں۔ اسٹیشن کے اسٹاف کے لئے ذاتی حفاظت کا سامان (فیس ماسک، دستانے وغیرہ) پہننا اور ہر دو گھنٹے بعد اپنے ہاتھ دھونا لازمی ہے۔ ہمارا اسٹاف جن آلات کو چھوتا ہے بشمول نوزل جیکٹس، ڈسپنسر کی پیڈز، ٹوٹل کارڈ ای پی ٹی مشین اور لبریکنٹس ڈسپلے، وہ ہر دو گھنٹے بعد جراثیم سے پاک کئے جاتے ہیں۔ مزید یہ کہ ہم نے قطاروں کی نشاندہی کی ہے اور گاڑیوں کی پارکنگ کی جگہ پر دس فٹ کے فاصلے سے نشان لگائے ہیں۔

**4۔ اس وقت میں ٹوٹل پارکو نے آپ کی کیا معاونت کی ہے؟**

آپریشنز سے لیکر کورونا وبا کے حوالے سے آگہی اور اس سے بچاؤ کیلئے احتیاطی تدابیر میں معاونت تک ٹوٹل پارکو بے حد مددگار ثابت ہوا ہے۔ میں اپنے ایریا سیلز منیجر، طلال حسن کا خاص شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں جو اس مشکل وقت کے دوران ہم سے مسلسل رابطے میں رہے ہیں۔ ہمارے اسٹیشن اسٹاف کے لئے فیس ماسک بھیجنے پر میں ٹی پی پی ایل کا بھی مشکور ہوں۔

# MANAGEMENT SAFETY VISITS

Management safety visits are a testament to TPPL top management's commitment towards safety. The 'safety inspection tours/management safety visits' are different from all existing auditing and inspection assignments implemented at our commercial and operational sites.

As part of the Group's safety action plan, these measures were essentially drawn up for three reasons:

- **To implement management policy**
- **To reinforce methods and practices**
- **To improve transparency and communication**

## مینجمنٹ سیفٹی وزٹس:

مینجمنٹ سیفٹی وزٹس تحفظ کے حوالے سے ٹی پی پی ایل کی اعلیٰ انتظامیہ کے عزم کے عکاس ہیں۔ 'سیفٹی انسپیکشن ٹوورز/ مینجمنٹ سیفٹی وزٹس' ہماری کمرشل اور آپریشنل سائٹس پر ہونے والے آڈٹ اور معائنہ کے تمام موجودہ امور سے مختلف ہیں۔

گروپ کے سیفٹی ایکشن پلان کے حصے کے طور پر درج ذیل 3 وجوہات کی بنا پر یہ اقدامات کئے گئے:

- مینجمنٹ پالیسی کا نفاذ
- طریقہ کار اور عمل درآمد کی یقین دہانی
- شفافیت اور رابطے میں بہتری



Every member of the Management Committee (Mancom) of Total PARCO carries out the visits pertaining to HSE with the fundamental aim to demonstrate Management's commitment to HSE issues, check the involvement of local management and staff as a whole in HSE matters, supervise the implementation of local HSE action plans along with checking whether the employees of the subsidiary and of outside companies working for our operations, share the same objectives and are committed to improving their HSE approach.

Last year, 14 management safety visits were performed by ManCom members at retail stations, warehouses, depots, offices, supply points, and under-construction sites.

ٹوٹل پارکو کی مینجمنٹ کمیٹی (مین کوم) کا ہر رکن ایچ ایس ای سے متعلقہ دورے کرتا ہے جن کا بنیادی مقصد ایچ ایس ای کے معاملات کے حوالے سے مینجمنٹ کے عزم کا اظہار، ایچ ایس ای کے معاملات میں مقامی انتظامیہ اور اسٹاف کی شمولیت کی جانچ، مقامی ایچ ایس ای ایکشن پلانز پر عمل درآمد کا جائزہ اور اس بات کی یقین دہانی کرنا ہوتا ہے کہ سبسڈری کے ملازمین اور ہمارے لئے کام کرنے والی بیرونی کمپنیاں ایک جیسے مقاصد کے حصول کے لئے کام کر رہی ہیں اور ایچ ایس ای کی بہتری کے لئے پرعزم ہیں۔ پچھلے سال مینجمنٹ کمیٹی کی جانب سے ریٹیل اسٹیشنز، ویئرہاؤسز، ڈپوز، دفاتر، سپلائی پوائنٹس اور زیرِ تعمیر سائٹس کے 14 دورے کئے گئے۔

# THE ANNUAL SUGAR CONVENTION HOSTED BY THE PAKISTAN SOCIETY OF SUGAR TECHNOLOGISTS

The TPPL Lubricants team took part in the Annual Sugar Convention, hosted by the Pakistan Society of Sugar Technologists (PSST). PSST is a prestigious platform, which gives TPPL an opportunity to meet and engage with its customers and showcase its products and services.

## پاکستان سوسائٹی آف شوگر ٹیکنالوجسٹس کی جانب سے سالانہ شوگر کنونشن کی میزبانی:

ٹی پی پی ایل کی لبریکنٹس ٹیم نے پاکستان سوسائٹی آف شوگر ٹیکنالوجسٹس (پی ایس ایس ٹی) کی میزبانی میں منعقد ہونے والے سالانہ شوگر کنونشن میں شرکت کی۔ پی ایس ایس ٹی ایک معتبر پلیٹ فارم ہے جو ٹی پی پی ایل کو اپنے صارفین سے ملنے اور تعلق قائم رکھنے اور اپنی مصنوعات اور خدمات پیش کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔





The PSST Sugar Convention was a two-day interactive seminar, attended by key players from the sugar industry in Pakistan. It was an opportunity to highlight Total PARCO's lubricant portfolio and TOTAL Cards. The TPPL team also gave an extensive presentation on the ability of Total PARCO to provide various solutions for the Sugar Industry, to approximately 500 attendees.

پی ایس ایس ٹی شوگر کنونشن دو روزہ انٹرایکٹیو سیمینار تھا جس میں پاکستان کی شوگر انڈسٹری سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات نے شرکت کی۔ یہ ٹوٹل پارکو کے لبریکنٹ کے پورٹ فولیو اور ٹوٹل کارڈز کو نمایاں کرنے کے لئے ایک اچھا موقع تھا۔ ٹی پی پی ایل کی ٹیم نے تقریباً 500 حاضرین کو شوگر انڈسٹری کیلئے مختلف خدمات کی فراہمی کے حوالے سے ٹوٹل پارکو کی صلاحیت کے بارے میں ایک تفصیلی پریزنٹیشن بھی دی۔








This offer is valid from May 12th to June 30th 2020.

یہ آفر 12 مئی سے 30 جون 2020 تک کیلئے ہے۔




This offer is valid from May 25th to July 25th 2020.

یہ آفر 25 مئی سے 25 جولائی 2020 تک کیلئے ہے۔

TPPL takes pride in taking such initiatives and coming up with Consumer Promotions despite the testing Covid Crisis.

ٹی پی پی ایل کو ایسے اقدامات کرنے اور کورونا وائرس کی وجہ سے درپیش حالات کے باوجود کنزیومر پروموشنز لانے پر فخر ہے۔

**If you would like to subscribe to the upcoming editions of the publication via e-mail instead of in a hard copy format, or provide your feedback on the content please let us know on the following email address: communications@totalparco.com.pk**

اگر آپ آئندہ آنے والے ایڈیشنز کو ہارڈ کاپی کے بجائے سافٹ کاپی کی شکل میں بذریعہ ای میل سبسکرائب کرنا یا مواد کے حوالے سے اپنی
آراء ہم تک پہنچانا چاہیں تو براہِ کرم ہمیں اس ای میل ایڈریس پر مطلع کریں:

**communications@totalparco.com.pk**

A special thanks goes out to the following contributors of Apna hai TOTAL, Eighth Edition, 2020, for providing amazing content and playing their role in making this publication possible:
• Naveen Saeed • Nida Wasif • M. Salman Zaheer • Malja Naseer • Junaid Ahmed
• M. Nasir Khan • Abdur Rehman

**Editorial Board members:** Husnain Q. Khan, Mehrunnisa Khan